
# Our MULTILINGUAL VOICES

موسمِ سرما 2022 | www.houstonisd.org/multilingual | ایڈیشن II اشاعت 2

## قطرۂ دانش



**پیڑیشیا سانچز، ای ڈی (Patricia Sanchez, ED.) D.**
*کثیر لسانی تعمیل کی سینئر مینیجر*

طلبہ کے ایسے والدین جو ابھی تک انگریزی پر عبور نہیں رکھتے ہیں وہ اس بارے میں متفکر رہتے ہیں کہ وہ اپنے بچے کی انگریزی زبان کو پروان چڑھانے میں گھر پر معاونت دینے سے قاصر ہیں۔ ایسے والدین جو ابھی تک انگریزی پر عبور نہیں رکھتے ہیں اور گھر پر صرف اپنی مادری زبان استعمال کرتے ہیں وہ متحیر ہیں کہ کیا خالی مادری زبان کو استعمال کرنے سے ان کے بچے کی انگریزی سیکھنے کی صلاحیت کی راہ میں رکاوٹ پیدا ہو گی اور اس کے نتیجے میں تعلیمی اعتبار سے کامیابی حاصل کرنے کی ان کی صلاحیت متاثر ہو گی۔

مانیں یا نہ مانیں، مادری زبان ہی آپ کے بچے کا سب سے قیمتی وسیلہ ہے۔ اس بات کے روزافزوں شواہد پائے جاتے ہیں کہ انگریزی سیکھنے والوں کی گھریلو زبان، تعلیم کی کامیابی میں معاونت کرتی ہے (Genesee & Lindholm-Leary، زیرِ اشاعت)۔ تحقیق کے مطابق، اپنے بچے کی گھریلو زبان میں سننے، بولنے، پڑھنے، اور لکھنے کی مہارتوں کو فروغ دینے میں معاونت کرتے ہوئے، آپ انہیں اخذ کرنے اور اظہار کرنے کی مضبوط لسانی مہارتیں حاصل کرنے کا موقع فراہم کرتے ہوئے، مدد دیتے ہیں کہ وہ انگریزی میں ان مہارتوں کو بہتر بنائیں۔ اس بات کے شواہد پائے جاتے ہیں کہ مادری زبان میں مضبوط لسانی مہارتوں کا فروغ، کسی ثانوی زبان میں زبانی اور خواندگی کی مہارتوں کے فروغ میں معاونت کرتا ہے۔ مزید برآں، مادری زبان میں کافی بڑا ذخیرۂ الفاظ موجود ہونے سے کسی ثانوی زبان کو سیکھنے اور اس میں اپنے ذخیرۂ الفاظ کو وسعت دینے کی آپ کے بچے کی صلاحیت کو معاونت میسر آتی ہے۔

بچوں کو ایک سے زیادہ زبانوں میں مواصلت کرنے کی صلاحیت سے اس وقت شاندار فائدہ پہنچتا ہے جب انہیں مادری زبان اور انگریزی دونوں میں مضبوط لسانی مہارتیں حاصل کرنے کا موقع فراہم کیا جائے۔ زبان سیکھنے کے لئے کوئی اضافی طریقہ اپنانے سے دو لسانیت اور دو لسانی خواندگی کی معاونت ہوتی ہے۔ دو یا دو سے زیادہ زبانیں جاننے سے مثبت طویل مدتی عقلی، مواصلاتی، ثقافتی، اثرپذیر، اور اقتصادی فوائد حاصل ہو سکتے ہیں۔ آخر میں، میں آپ کو ترغیب دیتی ہوں کہ مادری زبان اور انگریزی کی مضبوط مہارتیں حاصل کرنے کے مواقع فراہم کرتے ہوئے اپنے بچے کی تعلیمی پیش رفت کی معاونت کریں۔

**دی ٹیکساس ایجوکیشن ایجنسی (The Texas Education Agency) (TEA) کے معاونتی ڈویژن برائے انگریزی متعلمین (English Learner Support Division) نے متعدد مددگار *<u>ویب سائٹس</u>* بنائی ہیں تاکہ انگریزی سیکھنے والوں کے خاندانوں کی گھر پر معاونت کی جائے۔ یہ ویب سائٹس سننے (L)، پڑھنے (R)، بولنے (S)، اور لکھنے (W) میں انگریزی زبان پر عبور حاصل کرنے کی مہارتوں کو مضبوط بنانے میں مدد کریں گی۔**
***https://www.txel.org/helpfulwebsite/***

## دو لسانی ES سپاٹ لائٹ

# رے کے ڈیلی ایلیمنٹری (Ray K. Daily Elementary)




پرنسپل ٹائٹ (Tiet) اور ان کے کیمرے کی آنکھ سے ہم نے پھلتے پھولتے ہوئے کیمپس کی ایک جھلک کو عکس بند کیا ہے جو ڈیلی ایلیمنٹری (Daily Elementary) کے طور پر جانا جاتا ہے۔ وہ ہمیں خوش باش بچوں کی تصویریں دکھاتی ہیں جو ایک دوسرے کے ساتھ میل جول کر رہے ہیں، ایسے طالب علم جن کا دوہرا لسانی ماحول ان تین اہداف کو پروان چڑھاتا ہے: دو لسانیت اور دو لسانی خواندگی، دونوں زبانوں میں اعلیٰ تعلیمی کامیابی اور سماجی ثقافتی استعداد۔ ایک ڈیلی لیڈر کے طور پر، سنڈی ڈبلیو ٹائٹ (Cindy W. Tiet)، کیمپس کے عملے کا ذکر ان الفاظ میں کرتی ہیں کہ "ایک باہم مربوط بلند پایہ دو لسانی ٹیم جو اس بارے میں گفتگو کو فروغ دیتی ہے کہ ہم اپنے طلبہ کی بہترین مدد کیسے کر سکتے ہیں۔ ایک بلند پایہ ٹیم کا حصہ ہونے کے علاوہ، ہر DL معلم اپنے گریڈ کی سطح کے مواد کے شعبے کے ساتھیوں کے ساتھ بھی منصوبہ سازی کرتا ہے۔ وہ اپنی پیشہ ورانہ تعلیمی کمیونٹیز کے دوران ہدایتی حکمتِ عملیوں، طلبہ کی کامیابیوں، سرگرمیوں، اور وسائل کا تبادلہ کرتے ہیں۔ اساتذہ ایسے طلبہ کے بارے میں گفتگو کرتے رہتے ہیں کہ جو پروگرام میں حصہ لے چکے ہیں؛ یہ بات سننا ہمارے کنڈرگارٹن اور گریڈ 1 کے DL اساتذہ کے لئے باعثِ اعزاز ہے کہ ان کے سابقہ طلبہ 3rd اور 4th گریڈز میں کیسے ترقی کر رہے ہیں۔ یہ سب ایک مثبت فضا کو برقرار رکھتے ہوئے انجام پا رہا ہے۔"

ڈیلی کے طلبہ کی ایک واضح تعداد کئی سالوں سے DL پروگرام میں اندراج کروا چکی ہے جس کی وجہ سے گریڈ 5 کے اختتام تک حقیقی دو لسانی خواندگی حاصل کرنے میں ان کی کامیابی میں مدد ملی ہے۔ ہر کلاس کے گریڈ کی اگلی سطح تک اکٹھے منتقل ہونے سے طلبہ اور ان کے خاندانوں کے میل جول سے ایک دوسرے کے ساتھ مضبوط تعلقات استوار ہوتے ہیں۔ پرنسپل ٹائٹ اس بات کو نوٹ کرتی ہیں کہ ان کے کیمپس میں نئے آنے والے طلبہ کو معاونت فراہم کرتے ہوئے اور قائدانہ صلاحیتیں پروان چڑھاتے ہوئے، ان کے طلبہ کیسے اعتماد حاصل کرنا شروع کر دیتے ہیں۔





مس ٹائٹ ڈیلی ایلیمنٹری کے بارے میں مزید بتاتی ہیں..."یہ ایک بہت متنوع سکول ہے، اور ہم ان تمام مختلف تہذیبوں کو نمایاں کرنا چاہتے ہیں جن کی نمائندگی ہمارے طلبہ کرتے ہیں۔ اس سال، ہسپانوی ورثے کے مہینے (Hispanic Heritage Month) کے لئے، ہم نے ہسپانوی ورثے کی سکول بھر کی پریڈ سے جشن منایا جس میں DL اور غیر DL، تمام کلاسوں نے مختلف ہسپانوی ممالک کے بارے میں اپنی واقفیت کا اظہار کیا اور کچھ دیگر نے ایسے اہم ہسپانوی افراد کے بارے میں واقفیت کا مظاہرہ کیا جنہوں نے ہمارے معاشرے میں نمایاں کردار ادا کیے تھے۔"

پرنسپل ٹائٹ اس بات کا اعتراف کرتی ہیں کہ جہاں ان کا عملہ اپنے تمام طلبہ کو دہرے پروگرام (Dual program) جیسے ساختہ اور مشکل پروگرام میں کامیابی کے لئے درکار رہنمائی فراہم کرنے میں فعال ہے؛ وہ اس بات کو بھی سراہتی ہیں کہ مسلسل مواصلت کے ذریعے آغاز ہی سے والدین اور اساتذہ کے درمیان مضبوط تعلقات قائم ہوئے ہیں۔

## کثیر لسانی پروگرامز

# کامیابی کی جانب گامزن ایک شاہراہ سکولوں، والدین، اور معاشرے کو مربوط کرنے میں کوشاں




ملٹی لنگوئل کی والدین کی سالانہ معلوماتی میٹنگ ایک مرتبہ پھر کامیابی سے ہمکنار ہوئی! ہیوسٹن ISD کی لیڈرز سپرنٹنڈنٹ میلرڈ ہاؤس (Millard House III) III، اور چیف اکیڈمک آفیسر ڈاکٹر شان برڈ (Dr. Shawn Bird) کی جانب سے ہمارے والدین کا استقبال کیا گیا تھا۔

ٹیکساس ایجوکیشن ایجنسی، ریجن 4 کی جانب سے تعلیمی ماہرین، اور ڈسٹرکٹ کی سطح کے عملے نے معلوماتی ویڈیوز فراہم کیں۔ ڈسٹرکٹ کی متعدد ٹیموں جیسے کہ HISD پراجیکٹ ایکسپلور، اور کالج اینڈ کیریئر ریڈینس بھی سیشن میں شامل ہوئے تاکہ HISD کی دو لسانی اور ESL خدمات کے بارے میں والدین کی معلومات کو وسعت دی جائے اور اپنے بچوں کے تعلیمی سفر کو بڑھانے کے لئے انہیں رہنمائی فراہم کی جائے۔

ہمارے ڈسٹرکٹ کے 130 سے زائد پر عزم والدین کے لئے انگریزی، ہسپانوی، مینڈارین، اردو، سواحلی، اور فارسی میں ترجمہ شدہ سیشنز پیش کیے گئے تھے۔

ڈسٹرکٹ کے شرکا HEB، Legacy Community Health، Imagine Learning، Lakeshore اور Really Good Stuff نے پوری تقریب میں ہمارے والدین کو متعدد انعامات سے نوازا۔ اختتامی تاثرات کو ملٹی لنگوئل ڈیپارٹمنٹ کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر، اینا وائٹ (Anna White)، کی جانب سے پیش کیا گیا، جنھوں نے اپنے بچوں کے علمی مستقبل کے لئے ہمارے ڈسٹرکٹ کے والدین کی لگن کی تعریف کی۔

یہ تقریب ریکارڈ کی گئی تھی اور مندرجہ ذیل لنک کلک کر کے دیکھنے کے لئے دستیاب ہے:
**https://youtu.be/WUKWkv0F5IE**۔

## ٹیکساس کے والدین کو رکھتے ہر تازہ ترین سے باخبر...




اس کے علاوہ، ٹیکساس ایجوکیشن ایجنسی مئی میں 2022 ٹائٹل III ریاست گیر تقریب برائے والد/والدہ/خاندان پیش کرے گی۔ اس لنک پر جا کر اس بارے میں مزید پڑھیں **https://www.smore.com/bgp23**۔

اس تقریب کو آپ کو ذہن میں رکھتے ہوئے تیار کیا گیا ہے، ریاست بھر سے خاندان اپنا حصہ ڈال رہے ہیں۔ ہم اس اجتماعی تقریب میں حصہ لینے کی پرزور سفارش کرتے ہیں۔

مندرجہ ذیل لنک ***Parents and Families Newsletter (smore.com)*** طلبہ کے وسائل، خاندان کی معاونتوں سے آغاز کرتے ہوئے اور اپنے بچے کی معاونت کو کیسے بڑھایا جائے، اس کے بارے میں بیش بہا معلومات پیش کرتا ہے۔ سب سے ضروری - ***نیوزلیٹر کو 108 زبانوں میں ترجمہ کیا گیا ہے!*** نیوز لیٹر کو سبسکرائب کرتے ہوئے، آپ کو اعلانات، آنے والے مواقع، گھر پر سرگرمیاں، ذاتی نگہداشت کے طریقے اور محفوظ شدہ نیوز لیٹرز موصول ہوں گے۔ بلا تکلف، آج ہی سبسکرائب کریں!

***Parents and Families Newsletter (smore.com)***۔

## ٹیکساس ایجوکیشن ایجنسی: ارلی چائلڈ ہوڈ فیملی ریسورسز




# AET - Act Early Texas بچے کی نشوونما کی سکریننگ

والدین اکثر اس بات پر حیران ہوتے ہیں کہ ان کے بچے کی نشوونما کا اسی عمر کے دوسرے بچوں کی نشوونما کے ساتھ کیسے موازنہ ہوتا ہے۔ ٹیکساس کی ریاست نے یقینا نئی راہیں دریافت کی ہیں کیونکہ یہ واحد ریاست ہے جو AET سکریننگ پیش کرتی ہے۔ ***Act Early Texas*** اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ ایک کے بعد ایک، ٹیکساس کے تمام بچوں کی سکریننگ ہو چکی ہے! یہ Act والدین اور ابتدائی بچپن کے ماہرین (ECP) کو ایسی معلومات فراہم کرتا ہے جو قابلِ غور سوالات کے جوابات دینے کے لئے تیار کی گئی ہوتی ہیں۔ سکریننگ ایسے شعبوں کی نشاندہی کرتی ہے جن میں کسی بچے کی نشوونما اپنے ہم عمر ساتھیوں سے مختلف ہوتی ہے۔ چلڈرنز لرننگ انسٹیٹیوٹ اور ہیوسٹن میں UTHealth کی جانب سے اس کی معاونت کی جاتی ہے۔

حاصل شدہ ڈیٹا اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ نشاندہی، جس کے نتیجے میں ابتدائی مداخلت ہوتی ہے، کسی کم عمر بچے کی زندگی میں نشوونما کی تاخیر یا معذوری سے ایک نمایاں فرق لا سکتی ہے۔

آپ کا زیادہ فعال ہونا، آپ کے بچے کے تعلیمی مستقبل میں بہترین سرمایہ کاری ہو سکتی ہے، مزید رہنمائی کے لئے مندرجہ ذیل لنک ملاحظہ کریں۔

ریاست کی ابتدائی بچپن (State's Early Childhood) کی رہنما ہدایات کے بارے میں مزید جاننے کے لئے ذیل میں فراہم کردہ لنک پر جائیں۔ والد/والدہ کی ہدایات اس لئے تیار کی گئی تھیں تاکہ اپنی سالانہ تعلیمی توقعات کو سمجھنے میں خاندانوں کی مدد کی جائے۔ وسائل کی دستاویزات پری کنڈرگارٹن 3 اور 4، کنڈرگارٹن، اور گریڈ 1 اور 2 کے لئے تیار کی گئی ہیں۔ یہاں ملاحظہ کرتے ہوئے مزید جانیں:

***خاندان کے وسائل | ٹیکساس ایجوکیشن ایجنسی***۔

## HISD کا 2022 کے موسمِ بہار کا آزمائشی کیلنڈر



مندرجہ ذیل لنک آپ کو ریاست کے ان جائزوں سے باخبر رکھے گا کہ جن میں آپ کا بچہ اس موسمِ بہار میں شمولیت کرے گا۔

مزید جاننے کے لئے یہاں کلک کریں: **https://tea.texas.gov/sites/default/files/2021-2022-%20testing-calendar-update-06-30-21.pdf**۔

جائزہ کیلنڈر کے علاوہ، ڈسٹرکٹ ہمارے والدین کو یہ موقع فراہم کرتا ہے کہ ماسٹر ٹیسٹنگ کیلنڈر کی ایک نقل کو اپنے Outlook کیلنڈر میں محفوظ کرنے کے سبسکرائب کریں۔

ایسا کرنے کے لئے یہاں کلک کریں: **https://houstonisd.sharepoint.com/teams/sa/Lists/TstngCalndr/calendar.aspx**